معاشرتی علوم

باب نمبر1:

جغرافیہ

سوال ا: کسی ملک کے محل وقوع سے کیا مراد ہے؟

جواب: کسی ملک کا محل وقوع،اس کی آب وہوااور زمینی خصوصیات پر گہرااثر ڈالتاہے۔اس کے علاوہ وہاں کے رہنے والے لوگوں کی زندگی اور رہن سہن کے طریقوں پر بھی محل وقوع کا بڑااثر ہوتاہے۔

سوال ۲: پاکستان کا محل وقوع بیان کریں؟

جواب: پاکستان دنیاکے سب سے بڑے براعظم ایشیامیں واقع ہے ہماراملک جنوبی ایشیاکے شمال مغرب اور مغرب میں واقع ہے پاکستان کے شمال میں چین، مشرق میں بھارت، مغرب میں افغانستان اورایران جنوب میں بحیرہ عرب واقع ہے۔ پاکستان کا کل رقبہ 796096 مربع کلومیٹر ہے جبکہ حالیہ اندازے کے مطابق آبادی 20 کروڑ سے زیادہ ہے۔

سوال2: خالی جگہ پر کریں؟

جواب: (i) 7،96096 (ii) 20 کروڑ (iii) 180

(iv) 360 (v) سرطان

سوال3: درست بیان کے آگے (درست) لکھیں اور غلط بیان کے آگے (غلط) لکھیں؟

جواب: (i) درست (ii) درست (iii) غلط

(iv) غلط (v) درست

باب نمبر2:

پاکستان کے طبعی خطہ جات

سوال ا: پاکستان کی سطح زمین کو کتنے طبعی حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟

جواب: پاکستان کو مختلف حالات اور خدوخال کی وجہ سے پانچ حصوں یاخطہ جات میں تقسیم کیا جاتاہے:

(ا) شمال اور شمال مغربی پہاڑی علاقہ جات (۲) سطع مرتفع پوٹھوہار اور سطح مرتفع بلوچستان

(۳) دریائے سندھ کا میدان (۴) صحرا یا ریگستان (۵) ساحلی علاقہ جات

سوال ۲: ساحلی علاقہ جات کن صوبوں میں واقع ہیں؟

جواب: صوبہ سندھ اور صوبہ بلوچستان کے ساتھ بحیرہ عرب واقع ہے بحیرہ عرب کے ساحل کے ساتھ ساتھ میدانی علاقہ واقع ہے،اسے "ساحلی میدان" کہتے ہیں پاکستان کا ساحلی علاقہ قریباً ایک ہزار کلومیٹر سے زائد لمباہے۔ کراچی، بن قاسم اور گوادر پاکستان کی اہم بندرگاہیں اسی خطے میں واقع ہیں۔ ساحلی علاقوں کے زیادہ تر لوگوں کا پیشہ ماہی گیری ہے۔

سوال ۳: دریائے سندھ کے بالائی اور زیریں میدان کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: دریائے سندھ کے میدان کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے:

(۱) دریائے سندھ کا بالائی میدان (۲) دریائے سندھ کا زیریں میدان

دریائے سندھ کا بالائی میدان: اس علاقہ کو دریائے سندھ، دریائے جہلم، دریائے چناب، دریائے راوی اور دریائے ستلج سیراب کرتے ہیں یہ دریاؤں کی لائی ہوئی زرخیز اور نرم مٹی سے بنا ہے۔ سالانہ بارش کم ہوتی ہے۔ بارش کی اس کمی کو دریاؤں سے نہریں نکال کر پورا کیا گیا ہے۔

دریائے سندھ کا زیریں میدان: صوبہ پنجاب کا جنوبی حصہ اور صوبہ سندھ دریائے سندھ کا زیریں میدان کہلاتا ہے یہ بھی ہموار میدان ہے اس علاقے کو دریائے سندھ سیلاب کرتا ہے۔

سوال 2: خالی جگہ پر کریں؟

جواب: (i) پانچ (ii) شمال (iii) کے ٹو

(iv) گلگت

سوال 3: درست بیان کے آگے (درست) لکھیں اور غلط بیان کے آگے (غلط) لکھیں؟

جواب: (i) درست (ii) درست (iii) غلط

باب نمبر 3:

پاکستان کی آب وہوا

سوال ۱: آب وہوا کسے کہتے ہیں؟

جواب: آب وہوا کسی علاقے کے لمبے عرصے کی موسمی کیفیات کا نام ہے۔ موسمی کیفیات میں درجہ حرارت، بارش، ہوا کا دباؤ، ہوا کی رفتار اور ہوا میں نمی وغیرہ شامل ہوتے ہیں۔

سوال ۲: گرد باد کسے کہتے ہیں؟ مختصراً بیان کریں؟

جواب: بعض جگہوں پر ہوا دائروں کی شکل میں بھی چلتی ہے جسے ہم ''بگولا'' کہتے ہیں لیکن اگر یہ دائرے کئی کلو میٹروں تک پھیلے ہوئے ہوں تو انہیں'' گرد باد'' کہتے ہیں۔

سوال ۳: آب وہوا کا لوگوں کی زندگی پر کیا اثر پڑتا ہے؟

جواب: آب وہوا لوگوں کے رہن سہن پر اثر انداز ہوتی ہے۔ موسم گرما میں جب سخت گرمی پڑتی ہے۔ ہلکی پھلکی غذا کھاتے ہیں اور باریک سوتی کپڑے پہنتے ہیں ان دنوں لسی، کانجی، ستو کا شربت جیسے مشروبات، پانی، اور برف کا استعمال بڑھ جاتا ہے۔ انسان۔ جانور اور پرندے سب سایہ دار جگہوں میں دوپہر گزارتے ہیں۔ موسم سرما میں میدانی علاقہ جات میں سخت سردی تو نہیں پڑتی مگر گرم علاقہ میں رہنے کی وجہ سے لوگوں کو سردی زیادہ محسوس ہوتی ہے لوگ موٹے اور گرم کپڑے پہنتے ہیں۔ ان دنوں چائے، گوشت کی یخنی اور قہوہ کا استعمال عام ہو جاتا ہے۔

سوال ۴: گرین ہاؤس ایفیکٹ پر مختصر نوٹ لکھیں؟

جواب: کچھ پودے پولی تھین شیٹ سے بنے ہوئے کمروں میں اگے ہوتے ہیں۔ یہ'' گرین ہاؤس'' کہلاتے ہیں۔ سورج کی شعاعیں ان کمروں میں داخل ہو سکتی ہیں مگر شعاعیں باہر نہیں نکل سکتیں جس کی وجہ سے ان کمروں میں درجہ حرارت بڑھ جاتا ہے یہ گرین ہاؤس ایفیکٹ کہلاتا ہے۔

سوال۵: مون سون ہواؤں کے بارے میں مختصر بیان کریں؟

جواب: موسم گرما کی مون سون ہوائیں: پاکستان میں موسم گرما کی زیادہ تر بارش مون سون ہواؤں کی وجہ سے ہوتی ہے۔یہ ہوائیں گرمیوں میں سمندر سے خشکی کی طرف چلتی ہیں۔چونکہ یہ ہوائیں سمندر سے آتی ہیں۔ان لیے نمی سے بھرپور ہوتی ہیں۔یہی ہوائیں پاکستان کے شمال مشرقی حصے میں زیادہ اور جنوب مغربی حصے میں نسبتاً کم بارش برساتی ہیں۔

موسم سرما کی مون سون ہوائیں: یہ ہوائیں خشکی کی طرف سے آتی ہیں اس لیے ان میں نمی نہ ہونے کی وجہ سے بارش نہیں ہوتی۔یہی وجہ ہے کہ پاکستان کا موسم سرما سرد اور خشک ہوتا ہے۔

سوال2: خالی جگہ پر کریں؟

جواب: (i) 50^0 (ii) آب وہوا (iii) مون سون

نوٹ: معروضی مشق کتاب پر حل کریں۔

Note: Social Studies work given above will be done as it is on Social Studies school copy. (learn also)

نوٹ: معاشرتی علوم کا کام سکول کی کاپی پر لکھنا اور یاد کرنا ہے۔